☆☆☆

Inter- (Part-II)-A- 2019

Roll No._____ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

Paper Code	8	0	2	5

اُردو لازمی (معروضی)

گروپ-I

وقت:30منٹ

نمبر:20

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C, اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1. (الف) درست جواب کا انتخاب کیجیے:

1. محمد بن قاسم کی فوج کی مجموعی تعداد کتنی تھی؟

(A) دس ہزار (B) گیارہ ہزار (C) بارہ ہزار (D) نو ہزار

2. کلکتہ کے حوالے سے سبق ''ہوائی'' میں کس شاعر کا نام آیا ہے؟

(A) میر تقی میر (B) مرزا غالب (C) مرزا سودا (D) علامہ اقبال

3. اکبری کے خاوند کا نام تھا۔

(A) محمد عاقل (B) محمد فاضل (C) محمد کامل (D) محمد بخش

4. رسالہ ''تہذیب الاخلاق'' کس نے جاری کیا؟

(A) علامہ اقبال (B) سر سید احمد خان (C) حالی (D) نذیر احمد

5. سید احمد بریلوی کس مقام پر شہید ہوئے؟

(A) علی گڑھ (B) لاہور (C) بالاکوٹ (D) پشاور

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

6. وہ حسین ہی نہیں بلکہ شوخ ـــــــــ ہے۔

(A) بھی (B) تو (C) مگر (D) بلکہ

7. کمرے میں استاد تھا ـــــــــ شاگرد

(A) یا (B) نہ (C) مگر (D) ہی

8. ہجوم نعرے لگا ـــــــــ

(A) رہے ہیں (B) رہی ہے (C) رہا ہے (D) رہی ہیں

9. ماہنامہ ''ادبی دنیا'' بند ہو ـــــــــ

(A) چکی ہے (B) چکا ہے (C) چکے ہیں (D) چکی ہیں

10. میاں بیوی ہنسی خوشی ـــــــــ

(A) رہتے ہیں (B) رہتی ہے (C) رہتا ہے (D) رہتی ہیں

(ج) درست رموزِ اوقاف کا انتخاب کیجیے۔

11. وقفہ سے زیادہ ٹھہراؤ کے لیے جو علامت استعمال ہوتی ہے، وہ ہے۔

(A) ختمہ (B) رابطہ (C) وقفہ (D) سکتہ

12. :۔ یہ علامت ہے۔

(A) ندائیہ (B) واوین (C) سکتہ (D) تفصیلیہ

13. قوسین کی علامت ہے:

(A) ( ) (B) " " (C) — (D) !

14. حیرت اور خوشی کے اظہار کے لئے کونسی علامت استعمال ہوتی ہے؟

(A) فجائیہ (B) رابطہ (C) سکتہ (D) وقفہ

15. رابطہ کی علامت ہے۔

(A) " " (B) ؟ (C) : (D) !

(د) درست امدادی افعال کا انتخاب کیجیے۔

16. پڑنا:۔

(A) وہ فرش پر پڑا رہا (B) کتے کو مار ڈالو (C) کاپی کہاں پڑی ہے (D) اسلم گر پڑا

17. لینا:۔

(A) میں نے کتاب پڑھ لی (B) اُس نے کتاب اُدھار لی (C) وہ خبر لایا ہے (D) میں نے دوا لی

18. اٹھنا:۔

(A) جلدی اُٹھو (B) یہاں سے اُٹھو (C) وہ چیخ اُٹھا (D) وہ اُٹھ گیا

19. آنا:۔

(A) وہ امتحان دے آیا (B) میرے پاس آؤ (C) وہ دیر سے آیا (D) تم کب آئے

20. دینا:۔

(A) اُس نے مجھے خط دیا (B) بچہ رو دیا (C) خیرات دینا اچھی بات ہے (D) پڑھائی کو وقت دو